آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

# نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز بدھ، 15 اپریل 2026 قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ تین ہزار روپے | شمارہ نمبر 48

# پاکستان کی کوششوں سے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی ممکن ہوئی، چیف نیول

## پاک فضائیہ جدید ٹیکنالوجی سے لیس مضبوط فورس ہے، گزشتہ سال مئی میں پاکستان ایئر فورس نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا، پاک فضائیہ نے سائبر اور الیکٹرانک وارفیئر میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا

رسالپور (سی ایم لنکس) چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی کوششوں سے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔ پاکستان ایئر فورس اکیڈمی رسالپور میں کیڈٹس کی پاسنگ آؤٹ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی پارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس

### اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کی

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## اوپن ڈیفنس

بہاول پور (پ ر) شعبہ لاء، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے پی ایچ ڈی سکالر محمد نجیب رضا

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## میپکو ریجن میں بھرپور شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا

### جسکا مقصد ماحولیاتی بہتری، گرین کور میں اضافہ اور سرسبز وصاف ماحول کے فروغ کو یقینی بنانا ہے

ملتان (نامہ نگار) چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر گل محمد زاہد کی ہدایت پر میپکو ریجن میں بھرپور شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کا مقصد ماحولیاتی بہتری، گرین کور میں اضافہ اور سرسبز و صاف ماحول کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔ گزشتہ برسوں میں میپکو کالونیوں، دفاتر اور کمپلیکس میں پھولدار اور سایہ دار پودے لگائے گئے تھے جن کے مثبت نتائج سامنے آئے اور ان علاقوں کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ہوا۔ انہی کامیاب

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایم پی اے سعدیہ بلال کا سیکرٹری جنگلات پنجاب طاہر رضا عباسی سے ملاقات کے موقع پر فوٹو

## ایم پی اے سعدیہ بلال کی قائمہ کمیٹی برائے جنگلات پنجاب کے منعقدہ اجلاس میں شرکت

### سیکرٹری جنگلات پنجاب طاہر رضا عباسی سے ملاقات کی

بہاول پور (پ ر) ایم پی اے سعدیہ بلال نے لاہور میں قائمہ کمیٹی برائے جنگلات پنجاب کے منعقدہ اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران انہوں نے بہاولپور چڑیا گھر، لال سوہانرا نیشنل پارک اور محکمہ جنگلات کے دیگر ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اہم سفارشات پیش کیں۔ بعد ازاں، انہوں نے سیکرٹری جنگلات

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

# سرکسان کو متاثر نہیں ہونے دینگے، مریم نواز

## وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی 3500 روپے فی من گندم خریداری فوری شروع کرنے، کاشتکاروں کو 6 ارب کا بارانہ مفت دینے کا اعلان، پنجاب میں گندم خریداری کے 72 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو ادائیگی ضروری قرار،

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گندم کے کاشتکاروں کو 6 ارب روپے کا بارانہ مفت دینے کا اعلان کیا ہے۔ رجسٹرڈ کاشتکاروں کو پرچیز سنٹر سے فی ایکڑ 10 بوری بارانہ دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کاشتکار سے 3500 روپے فی من گندم خریداری فوری شروع کرنے کی ہدایت زیر صدارت خصوصی اجلاس میں گندم خریداری، بارانہ اور گرین ٹریکٹر سکیم کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کاشتکار سے 3500 روپے فی من گندم خریداری فوری شروع کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کسان کارڈ ہولڈرز کاشتکاروں سے ترجیحی بنیادوں پر گندم خریدنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر 3500 روپے فی من کے نرخ پر گندم خریداری کے 72 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو ادائیگی ضروری قرار دیا گیا۔ صوبائی اور ڈویژن کی سطح پر سٹریٹیجک مینجمنٹ کمیٹیاں قائم کی جائیں گی جس سے گندم خریداری کے امور کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی ہدایت پر ضلع میں جاری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے فول پروف سکیورٹی کے انتظامات

## ضلع میں جاری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے فول پروف سکیورٹی کے انتظامات

### معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایت پر ضلع میں جاری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے فول پروف سکیورٹی کے انتظامات، شہریوں کے ساتھ ساتھ انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز کو بلا خوف وخطر پر امن ماحول مہیا کرنا ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے، معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## بانی پی ٹی آئی کی صحت اور قید تنہائی تشویشناک ہے، وکیل سلمان صفدر

لاہور (سی ایم لنکس) بانی پی ٹی آئی کے وکیل سلمان صفدر نے کہا ہے کہ ان کے مؤکل کی صحت اور قید تنہائی کی صورتحال نہایت تشویشناک ہے۔ لاہور ہائیکورٹ بار میں گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا لیڈیز پارک چوک سرائیکی کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں۔

## وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے صوبائی پارلیمانی سیکریٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ورکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر رانا محمد طارق خان سے ملاقات کی

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے صوبائی پارلیمانی سیکریٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ورکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر رانا محمد طارق خان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر یونیورسٹی پبلک سکول اندرون شہر بہاول پور کی تعمیر نو ع، نئے کلاس رومز اور واش رومز کی تعمیر پر بات چیت ہوئی۔ وائس چانسلر نے کہا کہ پرانا عباسیہ سکول دراصل جامعہ عباسیہ کے دور کی یادگار عمارت ہے۔ اس

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران صوبائی پارلیمانی سیکریٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈاکٹر رانا محمد طارق خان سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں

## لودھراں جماعت اہل سنت مرکزی میلاد مصطفیٰ کمیٹی کے صدر معروف ڈویلپر زٹان پلانر جام حاجی محمد بخش عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد لودھراں اپنی رہائش گاہ پہنچ گئے

لودھراں (بیورو چیف) لودھراں جماعت اہل سنت مرکزی میلاد مصطفیٰ کمیٹی کے صدر معروف ڈویلپر زٹان پلانر جام حاجی محمد بخش عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد لودھراں اپنی رہائش گاہ پہنچ گئے جماعت اہل سنت مرکزی میلاد مصطفیٰ کمیٹی ضلعی پیس کمیٹی کے ممبران نے انہیں مبارکباد دی نیک خواہشات کا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا لیڈیز پارک سرائیکی چوک میں اوپن ای لائبریری کا افتتاح کر رہے ہیں

## دھماکا خیز بارودی مواد برآمدگی کیس؛ کالعدم تنظیم کے رکن کو 5 سال قید بامشقت کی سزا

لاہور (سی ایم لنکس) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے دھماکا خیز بارودی مواد برآمدگی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ڈپٹی کمشنر لودھراں محمد اشرف نے باقاعدہ طور پر گندم کی کٹائی کا افتتاح کیا

### ۔اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ملک ظفر، سید اظہر شاہ وگیر افسران بھی موجود تھے

لودھراں (بیورو چیف) تحصیل دنیاپور کے موضع 14۔ایم میں ڈپٹی کمشنر لودھراں محمد اشرف نے باقاعدہ طور پر گندم کی کٹائی کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ملک ظفر، سید اظہر شاہ وگیر افسران بھی موجود تھے۔ علاوہ ازیں ڈیرہ اعجاز حسین قریشی پر کاشتکاروں کے ساتھ ایک جامع میٹنگ بھی منعقد ہوئی۔ جس میں کپاس کی اگیتی کاشت کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور جدید زرعی حکمت

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا لیڈیز پارک سرائیکی چوک میں پودا لگا رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں

## لیڈیز پارک سرائیکی چوک میں اوپن ای لائبریری کا باقاعدہ افتتاح

### ۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے فیتہ کاٹ کر اوپن ای لائبریری کا افتتاح کیا

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) کمشنر بہاول پور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے لیڈیز پارک سرائیکی چوک میں اوپن ای لائبریری کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر بہاول پور سید حسن رضا، اسسٹنٹ کمشنر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر پی ایچ اے محمد مسرور بھی شریک تھے۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے فیتہ کاٹ کر اوپن ای لائبریری کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین اور بچوں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سیٹلائٹ ڈیہاتیہ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے حوالہ سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور میں عوامی شکایات کے حل کیلئے ایک اہم سماعت

### سینئر ایڈوائزر طاہر نواز خان نے 30 سے زائد کیسز کی سماعت کی

بہاول پور (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور MEPCO ڈویژن رحیم یار خان سے متعلق عوامی شکایات کے حل کیلئے ایک اہم

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## عمران خان فارن فنڈنگ کیس میں مرکزی ملزم قرار، 57 صفحات کا چالان تیار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) عمران خان کو فارن فنڈنگ کیس میں مرکزی ملزم قرار دیتے ہوئے 57 صفحات پر مشتمل چالان تیار کر لیا گیا ہے۔ پاٹی پی ٹی آئی عمران خان کے خلاف فارن فنڈنگ کیس میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ ایف آئی اے کی جانب سے کیس کا چالان تیار کر لیا گیا ہے جو کل تک عدالت میں جمع کروا دیا جائے گا۔ ذرائع نے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سیکرٹری صحت عظمت محمود اور دیگر مریضوں کی عیادت کر رہے ہیں

## کوئٹہ: لوکل کونسلز کی نئی حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست جاری

کوئٹہ (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن کے اعلامیے کے مطابق حلقہ بندیوں پر اعتراضات 15 اپریل سے 29 اپریل تک جمع کرائے جا سکیں گے۔ جبکہ یہ اعتراضات ریجنل الیکشن کمشنر کوئٹہ ڈویژن کے دفتر میں دائر کیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق حلقہ بندی اتھارٹی 14 مئی تک موصول

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## جنوبی وزیرستان: عوام سونا نکالنے پہنچ گئے، نالے کا پانی پارے سے آلودہ

جنوبی وزیرستان (سی ایم لنکس) جنوبی وزیرستان اپر کے ترخ کوٹر نالے میں سونے کے ذرات کی موجودگی کی خبر پر مقامی آبادی سونا نکالنے پہنچ گئی۔ مقامی عمائدین کا کہنا ہے کہ سونے کے ذرات جمع کرنیکے لیے مرکری کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ سونا نکالنے کے لیے مرکری کے استعمال

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## مرکزی قیادت سے ٹکراؤ، مفتی مظہر اسعدی کی رکنیت ختم، نوٹیفکیشن جاری

### جماعت کے اندر احتساب کا عمل مزید تیز ہونے کا امکان ہے، حافظ محمد مبشر الرحمٰن بلوچ

بہاول پور (سٹی رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام پاکستان بہاولپور میں شدید تنظیمی بحران سامنے آ گیا، جہاں جمعیت علماء اسلام سنی نے بڑا اور سخت قدم اٹھاتے ہوئے نامزد ضلعی امیر مفتی محمد مظہر اسعدی کی بنیادی رکنیت معطل کر دی اور باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق امیر سٹی حافظ محمد مبشر الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ مفتی مظہر اسعدی نے جماعتی نظم وضبط کو پامال کرتے ہوئے مرکزی قیادت کے فیصلوں کی کھلی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سینئر صحافی محمد سہیل تسکین عارضہ قلب کے باعث کارڈیک سنٹر میں زیر علاج

### دوست احباب اور صحافتی برادری نے بھی ان کی صحت کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بہاولپور (سٹاف رپورٹر) سینئر صحافی محمد سہیل تسکین عارضہ قلب کے باعث بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے کارڈیک سنٹر میں زیر علاج ہیں۔ آج اچانک دل میں شدید تکلیف کے باعث انہیں فوری طور پر شعبہ ایمرجنسی منتقل کیا گیا، جہاں ماہر ڈاکٹروں نے انجیو گرافی کے بعد کامیاب انجیو پلاسٹی کر دی۔ الحمدللہ، ان کی حالت اب خطرے سے باہر بتائی جا رہی ہے۔ دوسری جانب محمد سہیل تسکین کے اہلِ خانہ اور تسکین فیملی نے ان

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور میں ایک سماعت کا انعقاد کیا گیا

بہاول پور (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور میں ایک سماعت کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت کمشنر IRD شوکت محمود نے کی۔ اس موقع پر MEPCO ڈویژن بہاولپور سٹی، پاکستان ریلوے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) اور فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی بیساکھی کے تہوار پر سکھ برادری کو مبارکباد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق بیساکھی کے تہوار پر سکھ برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تہوار بین المذاہب ہم آہنگی، بھائی چارے اور رواداری کے فروغ کا پیغام دیتا ہے۔ بیساکھی تہوار کے موقع پر انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ بیساکھی موسم بہار کی آمد کی علامت ہے اور صدیوں پرانا خوشی اور

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آپریشن جاری

### قائمقام سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو بہاولپور سرکل عامر رشید بابر اور وگ کمانڈر رینجرز کی نگرانی

### میں جلہ آرائیں سب ڈویژن دنیاپور کے علاقوں میں نادہندگان کے خلاف آپریشن کیا گیا

ملتان (نامہ نگار) ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجن میں ڈسکو سپورٹ یونٹ میں شامل فورسز کی جانب سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ قائمقام سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو بہاولپور سرکل عامر رشید بابر اور وگ کمانڈر رینجرز کی نگرانی میں جلہ آرائیں سب ڈویژن دنیاپور کے علاقوں میں نادہندگان کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ ایکسین دنیاپور ڈویژن سکندر وڑائچ اور ایس ڈی او جلہ آرائیں سب

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کے 16 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## ولی عہد کی دعوت پر وزیراعظم کل سعودی عرب کا اہم دورہ کریں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف کل سعودی عرب کا اہم دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کو سعودی ولی عہد کی جانب سے دورے کی دعوت دی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## لودھراں پبلک سکول میں نئے بلاک کی تعمیر بارے اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا

### ڈپٹی کمشنر محمد اشرف نے صدارت کی

لودھراں (بیورو چیف) لودھراں پبلک سکول میں نئے بلاک کی تعمیر بارے اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر محمد اشرف نیصدارت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد طیب، پرنسپل راشد انور، سی او سجاد احمد، ایس ڈی او بلڈنگ اسد امیر شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اشرف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں کی ضروریات کا خیال رکھنا ہماری زمہ داری ہے، ایل پی ایس میں 2 فلورز اور

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## بروقت علاج نہ ہونے کے باعث بانی کی آنکھ 85 فیصد خراب ہوئی: علیمہ خان

راولپنڈی (سی ایم لنکس) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ بروقت درست علاج اور درست جگہ نہ ہونے کے باعث بانی کی آنکھ 85 فیصد خراب ہوئی۔ اڈیالا جیل کے قریب فیکٹری ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا شیر باغ کے ترقیاتی کاموں بارے بریفنگ دی جا رہی ہے۔

## سابق صدر وہابلخانہ کے اکاؤنٹس منجمد کرنے کا کیس: عدالت کا انکوائری مکمل نہ ہونے پر اظہار برہمی

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ ہائیکورٹ نے سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی اور ایوانہ کے بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے سے متعلق کیس میں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے شیر باغ بہاولپور کا دورہ کیا

### کیور یٹرنے انہیں شیر باغ چڑیا گھر میں جاری ترقیاتی کاموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے شیر باغ بہاولپور کا دورہ کیا جہاں کیور یٹر نے انہیں شیر باغ چڑیا گھر میں جاری ترقیاتی کاموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی بھی موجود تھے۔ کمشنر بہاولپور نے ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبے اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے شیر باغ میں صفائی ستھرائی کے نظام کو

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا شیر باغ کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں۔

## نائب وزیراعظم کی یورپی یونین کی نائب سے ٹیلیفون پر گفتگو

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ اور نائب صدر کاجا کالس کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی جس دوران مختلف امور بار تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے موجود

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## وفاقی وزیر خزانہ کی امریکی محکمہ خزانہ وتجارت سمیت بین الاقوامی مالیاتی اداروں وکمپنیوں سے ملاقاتیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے خزانہ وڈسکوں کے نجکاری سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بینک کے سالانہ

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## وزیراعظم محمد شہباز شریف کی وزیر مملکت عبدالرحمٰن کانجو کی رہائش گاہ آمد

### ان کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف وزیر مملکت عبدالرحمٰن کانجو کی رہائش گاہ گئے اور ان کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت اور اہل خانہ کے لیے صبر واستقامت کی دعا کی۔ ترجمان پاور ڈویژن کا پیک اور ورز ریفیلیٹ سٹریٹجی سے متعلق اہم بیان پاور ڈویژن کے مسلسل اقدامات کی بدولت

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب اپنے آفس میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

## ایرانی بندرگاہوں پر امریکی ناکہ بندی خطرناک اور غیر ذمے دارانہ ہے: چین

بیجنگ (سی ایم لنکس) امریکی ناکہ بندی پر چین نے ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایرانی بندرگاہوں پر امریکی ناکہ بندی خطرناک اور غیر ذمے دارانہ ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان چینی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ امریکا کی جانب سے فوجی تعیناتی میں اضافہ کشیدگی کو مزید بڑھا دے گا۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ خصوص

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

### 18 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے

### غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 18 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ برآمدگی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے، غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب۔ تفصیلات

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## روزنامہ ''نوائے احمد پور شرقیہ'' صفحہ نمبر 4

بہاول پور: کمشنر بہاول پور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا ڈرنگ اسٹیڈیم کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ہمراہ ہیں

بقیہ نمبر 01

کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاس آؤٹ ہونے والے کیڈٹس کو مبارک باد دیتا ہوں، اصغر خان اکیڈمی سے پاس آؤٹ ہونے والے کیڈٹس کی خدمت کا ایک تاریخ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ جدید ٹیکنالوجی سے لیس مضبوط فورس ہے، گزشتہ سال مئی میں پاکستان ایئر فورس نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا، پاک فضائیہ نے سائبر اور الیکٹرانک وار فیئر میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے، پاک بحریہ کا ملکی بحری سرحدوں کے دفاع میں اہم کردار ہے، معرکہ ''حق میں پاک بحریہ نے بھارتی بحریہ کو جارحیت سے باز رکھا، قوم کی حمایت سے افواج پاکستان دہشت گردی کا کامیابی سے مقابلہ کر رہی ہے۔ نیول چیف نے کہا ہے کہ ایران امریکا تنازع اور آبنائے ہرمز کی بندش سے عالمی سطح پر تیل کی سپلائی متاثر ہوئی، پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی کوششوں سے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔

بقیہ نمبر 02

تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے رواں سال تجارکاری مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لئے پھلدار درخت لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ ماحول کو بہتر بنایا جا سکے۔ اس موقع پر چیف ہیومن ریسورس اینڈ کیریئر پلاننگ آفیسر میاں محمد سہیل افضل، جنرل منیجر آپریشن انجینئر محمد اکرم سیال، جنرل منیجر ٹیکنیکل انجینئر ملک محمد اشفاق، چیف انجینئر اوایز ایم شہزاد راہی، چیف ٹیکنیکل سروسز محمد صفدر گھلو، چیف انجینئر سٹمر سروسز سید جواد مصوراحمد، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ زاہد اختر، ایڈیشنل ڈی جی ایڈمن وقاص چغتائی، چیف انٹرنل آڈیٹر وسیم اسحاق کھوکھر، ایڈیشنل چیف انجینئر کنسٹرکشن فرحان شبیر ملک، ڈائریکٹر انسپیکٹ منیجر (ر) فرخ جاوید گھمن، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ ڈسٹری بیوشن حسنین تکلیل، ڈائریکٹر میٹریل مینجمنٹ ملک جاوید اقبال، ڈائریکٹر ٹریننگ و امتحانات سہیل عباس، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر انچارج اینڈ سروسز رانا محمد سرفراز، ایڈیشنل ایس ای سول عبدالحمید میمن، مختلف شعبوں کے انچارج ڈائریکٹرز نے میپکو کالونیوں میں پودے لگائے اور ہم میں عملی حصہ لیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو انجینئر انجینئر گل محمد زاہد نے ہدایت جاری کی کہ میپکو ریجن کے تمام دفاتر، سب ڈویژنز، گرڈ اسٹیشنوں، رہائشی کالونیوں اور دیگر دستیاب مقامات پر زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کو یقینی بنایا جائے۔ شجرکاری مہم کو خص رکھی سرگرمی تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اس کے دیرپا نتائج کے لئے پودوں کی دیکھ بھال، پانی کی فراہمی اور حفاظتی اقدامات کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے افسران اور ملازمین پر زور دیا کہ وہ اپنے ماتحت عملے اور عوام میں درخت لگانے کی اہمیت کو اجاگر کریں اور اس حوالے سے آگاہی مہم چلائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ درخت لگانا نہ صرف ایک قومی و ماحولی ذمہ داری ہے بلکہ یہ